23دسمبر،2011

پاکستان اور چین کے مرکزی بینکوں کے درمیان کرنسی سواپ (Currency Swap) کے دوطرفہ معاہدے پر دستخط

اسٹیٹ بینک آف پاکستان(SBP)اور پیپلز بینک آف چائنا(PBC) کے درمیان 23 دسمبر، 2011 کو اسلام آباد میں منعقدہ ایک تقریب میں کرنسی سواپ (Currency Swap) کے دوطرفہ معاہدے پر دستخط کئے گئے۔ معاہدے پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر جناب یاسین انور اور PBC کے ڈپٹی گورنر جناب ڈوجنفو (DU Jinfu) نے دستخط کئے۔

کرنسی سواپ کا یہ دوطرفہ معاہدہ دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے اور مالی تعاون کے استحکام کے مقصد کے لئے 10 بلین چینی یوآن اور 140 بلین پاکستانی روپے میں طے پایا ہے۔کرنسی سواپ کے معاہدے کی مدت تین سال ہوگی، تاہم باہمی رضامندی سے اسے بڑھایا جاسکتا ہے۔

ہمیں توقع ہے کہ اس معاہدے کی نتیجے میں پاکستان اور چین کے درمیان دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا اور دونوں ممالک کے اقتصادی تعلقات کو مزید فروغ ملے گا۔ یہ معاہدہ دونوں ممالک کے درمیان قریبی اور خصوصی تعلقات میں مزید استحکام لانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

دونوں مرکزی بینکوں کے درمیان کرنسی سواپ کے معاہدے کے اعلان سے آن شور (onshore) مارکیٹ میں دوسرے ملک کی کرنسی کی لیکویڈیٹی کی دستیابی سے متعلق مارکیٹ کو مثبت اشارہ ملے گا۔نتیجتاً اس سے چینی یوآن اور پاکستانی روپے میں ہونے والی دوطرفہ تجارت کو فروغ ملے گا۔

..☆☆☆